© rasailojaraid.com

قیادت میں مجلس حرار اسلام نے برصغیر میں لازوال کردار ادا کیا۔احرار نے قادیانیت کا عوامی محاسبہ کرکے مرزائیت کو مسلمانوں میں گالی بنادیا۔اور یہ احرار کا سب سے بڑا کارنامہ ہے۔

زیر نظر کتاب بھی اس گروہ ضالہ کے خلاف جہاد کا ایک منفرد نمونہ ہے۔ جناب صادق علی زاہد عقیدۂ ختم نبوت کے تحفظ کے جذبہ سے سرشار ہیں۔ایک عرصہ سے جناب محمد متین خالد ہر سال ننکانہ میں قادیانیت کے حوالہ سے سوال و جواب پر مبنی نیلام گھر منعقد کرتے ہیں۔یہ پروگرام نژاد نو میں فتنہ مرزائیت کے خلاف نفرت ابھارنے میں اپنی مثال آپ ہے۔

جناب صادق علی زاہد نے انہی پروگراموں سے ۸۰۰ سوالات اور جوابات کا یہ مجموعہ تیار کرکے مرزائیت کے محاذ پر سرگرم مسلمانوں کو ایک انسائیکلوپیڈیا فراہم کیا ہے۔کتاب نہایت دلچسپ معلومات افزاء اور لائق مطالعہ ہے۔

❋ مرگِ مرزائیت مصنف: محمد طاہر رزاق

قیمت: ۶۵ روپے ضخامت: ۲۰۸ صفحات

ملنے کا پتہ: عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت ننکانہ، ضلع شیخوپورہ

محمد طاہر رزاق، ایک باصلاحیت نوجوان ہیں۔اللہ تعالیٰ نے انہیں لکھنے کی نعمت سے سرفراز فرمایا تو انہوں نے اپنی تحریری صلاحیتوں کو عقیدۂ ختم نبوت کے تحفظ اور استیصال مرزائیت کے لئے وقف کردیا۔

زیر تبصرہ کتاب میں ان کے بارہ مضامین شامل ہیں جو مختلف موضوعات پر چھوٹے چھوٹے پمفلٹوں کی صورت میں شائع ہوتے رہے ہیں اور اب کتابی صورت میں ہمارے سامنے ہیں۔عنوانات ملاحظہ فرمائیں تو کتاب اپنا مقصد خود بخود واضح کرتی ہے۔

* قادیانی مسلمانوں کو کیا سمجھتے ہیں؟ * پاکستان، امریکی اور قادیانی سازشوں کے نرغہ میں۔ * تھوڑی دیر مرزا قادیانی کی قبر پر *قادیانیوں کے عبرتناک انجام *قومی شناختی کارڈ اور مذہب کا خانہ *شمع ختم نبوت کے پرانوں کی باتیں *مرزا قادیانی کا لباس *ہم قادیانیوں کو کیا سمجھتے ہیں؟ *تحریک ختم نبوت ۱۹۷۴ء * دوزخ سے مرزا قادیانی کا خط مرزا طاہر کے نام *قول حق *سپریم کورٹ کو ملت اسلامیہ کا خراج عقیدت

ابتداء میں حضرت مولانا خواجہ خان محمد مدظلہ، راجہ ظفر الحق، ارشاد احمد عارف اور پروفیسر ڈاکٹر مغیث الدین شیخ کے تاثرات شامل ہیں۔

محاسبہ مرزائیت کے محاذ پر سرگرم کارکنوں کے لئے اس کا مطالعہ نہایت مفید ہے۔دیدہ زیب چار رنگا ٹائٹل اور کتابت طباعت معیاری ہے۔


© rasailojaraid.com